© rasailojaraid.com



(۲)

## ذبیحہ اھل مغرب

مولانا سعید احمد اکبر آبادی کے مکتوب کا ایک اقتباس ''ذبیحہ اھل مغرب'' کے زیر عنوان ماھنامہ ''فکرو نظر'' میں شائع ھوا ، جس میں مولانا موصوف نے بلا تسمیہ عند الذبح گوشت کی حرمت سے اختلاف کرتے ھوئے حضرت امام شافعی کی ایک رائے کو پیش کیا ھے ۔ اور اس کی تائید حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی ایک روایت سے بہم کی ھے ۔ اس کے علاوہ مولانا موصوف نے سید رشید رضا اور مفتی شیخ محمد عبدہ کے بعض فتووں کا حوالہ بھی دیا ھے ۔ لیکن ان سارے دلائل میں قرآن و سنت کے بنیادی اصولوں کی مخالفت پائی جاتی ھے ۔

مولانا سعید احمد اکبر آبادی کا چھری سے ذبح کرنے کو غیر ضروری قرار دینا بھی درست نہیں - در اصل بالراست ھاتھ اور چھری سے ذبح کرنا سنت حضرت ابراھیم علیہ السلام ، اور فاتبعوا ملۃ ابراھیم حنیفاً کہہ کر ھر جانور کے ذبح کے وقت مسلمان کو بالراست ھاتھ اور چھری استعمال کرنے کا پابند کر دیا گیا ھے ۔ اھل کتاب کا ھر وہ ذبیحہ جو شریعت کی مقرر کردہ شرائط پر پورا نہیں اترتا ، سنت انبیاء کے خلاف ھونے کے سبب حرام ھے ۔ اور حدیث فمن رغب عن سنتی فلیس منی اور آیت فاتبعوا ملۃ ابراھیم حنیفاً — اس استدلال کی بنیاد ھے ۔ اس لئے جناب سید رشید رضا اور مفتی محمد عبدہ کے فتاوی قابل ترک ھیں ۔

محمد مرزا منور علی بیگ امن گیسو دراز
کراچی

[ یہ ایک طویل مضمون کا خلاصہ ھے جو صاحب مضمون کے شدید اصرار پر شائع کیا جا رھا ھے ۔ ]

مدیر

© rasailojaraid.com